**16.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے احمدآباد میں 8 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

☆ جناب مودی نے احمدآباد اور بھُج کے درمیان ملک کی پہلی نمو بھارت ریپڈ ریل اور 6 وندے بھارت ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے انتخابی مہم ختم۔

☆ افغانستان میں پولیو بڑھتے ہوئے کیسز کے باوجود طالبان نے پولیو کی ٹیکہ کاری کی مہم معطل کردی ہے۔

☆ ہاکی میں، ایشین چمپئنز ٹرافی 2024 میں، دفاعی چمپئن بھارت، چین کے Hulunbuir میں جنوبی کوریا کو چار-ایک سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### ***PM Gujarat***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تیسرے پہر گجرات کے شہر احمدآباد میں آٹھ ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ جناب مودی نے احمدآباد اور بھُج کے درمیان ملک کی پہلی نموبھارت ریپڈ ریل اور بہت سی وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انھوں نے ریاست میں مستفیدین کو، پردھان منتری آواس یوجنا PMAY کے شہری اور دیہی، دونوں زمروں کے تحت، تیار مکانات بھی سپرد کئے۔ انھوں نے PMAY-G کے تحت 30 ہزار سے زیادہ مکانات کی منظوری بھی دی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ ملک کیلئے سنہرا دورہ ہے۔

S/B PM Golden Period

انھوں نے کہا کہ نمو بھارت ریپڈ ریل کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا گیا ہے جو بھارت کی شہری کنیکٹی ویٹی میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔

S/B PM Namo Bharat

وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت نے معاشرے کے ہر زمرے کے بہبود کیلئے، پچھلے 100 دنوں کے دوران غیرمعمولی فیصلے کئے ہیں اور ریل، سڑک، بندرگاہ اور فضائی کنیکٹی ویٹی سے تعلق رکھنے والے بہت سے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا ہے۔ اس سے قبل دن میں، جناب مودی نے احمدآباد سے گاندھی نگر کو منسلک کرنے والے اور گفٹ سٹی میٹرو ریل نیٹ ورک کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا۔ انھوں نے گاندھی نگر میں چوتھی RE سرمایہ کاری عالمی قابل تجدید توانائی میٹنگ کا بھی افتتاح کیا۔

جناب مودی نے گاندھی نگر میں پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کو بھی قوم کے نام وقف کیا۔x

## PM Momento E-Auction

وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے موصول کردہ تحائف کی ای - نیلامی کل شروع ہوگی۔ ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے اِس ای - نیلامی میں شرکت کرنے پر زور دیا ہے کیونکہ یہ نمامی گنگے فنڈ میں عطیے کے نیک مقصد کو پورا کرے گی۔ لوگ کل سے اپنی پسند کی یادگار کیلئے بولی لگا سکتے ہیں۔ آن لائن یہ نیلامی 2 اکتوبر تک جاری رہے گی۔ اِس سال نیلامی کیلئے تقریباً 600 یادگاروں کی نمائش کی گئی ہے۔ x

## Rev. J&K CAMPAIGN

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہوگئی۔ اِس مرحلے میں اِس مہینے کی 18 تاریخ کو بدھ کے روز سات ضلعوں میں پھیلے ہوئے 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں دوسرے مرحلے کی پولنگ 25 ستمبر کو، جبکہ تیسرے مرحلے کی پولنگ پہلی اکتوبر کو ہوگی۔ تیسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا کل آخری دن ہے۔ اِس مرحلے کے تحت 40 اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

ہریانہ میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آج آخری تاریخ تھی۔ 90 رکنی ریاستی اسمبلی میں پانچ اکتوبر کو ووٹنگ ہوگی۔ x

## J&K CEO

جموں وکشمیر میں اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر نے جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات سے قبل ایک ووٹرس Pledge مہم کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں ووٹنگ میں اضافہ کرنا ہے۔ اس مہم کا آغاز SVEEP پروگرام کے تحت کیا گیا ہے، جو بھارت کے انتخابی کمیشن کا ووٹروں میں بیداری کو فروغ دینے اور انتخابات میں شامل ہونے کا ایک فلیگ شپ پروگرام ہے۔ یہ مہم 18 ستمبر کو پوری ریاست میں شروع ہوگی۔ ووٹرس Pledge مہم کا مقصد جموں وکشمیر کے سبھی شہریوں کو، اِس پہل کی تصدیق کرنے اور آئندہ اسمبلی انتخابات میں سرگرم طریقے سے شامل ہونے کی خاطر، اُن کے غیر متزلزل تعاون کے عہد کیلئے، انہیں تحریک دینا ہے۔ `x

## J&K - Migrant Voters

جموں و کشمیر میں مائیگرینٹ سے متعلق راحت اور بازآباد کاری کے کمشنر ڈاکٹر Arvind Karwani نے آج آئندہ عام انتخابات سے لے کر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات تک کیلئے اودھم پور کے کشمیری مائیگرینٹ ووٹرس کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر Karwani نے اودھم پور میں واقع ، اُس سرکاری صنعتی تربیتی ادارے کا دورہ کیا، جو کشمیری مائیگرینٹ ووٹروں کیلئے خصوصی پولنگ مرکز ہے۔ ڈاکٹر Karwani نے بھارت کے انتخابی کمیشن کے ضابطوں کے مطابق ووٹروں کیلئے کم از کم یقینی سہولیات ( AMF ) کے سبھی تقاضوں کو پورا کئے جانے کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ x

## Haryana CEO

ہریانہ کے اعلیٰ انتخابی افسر پنکج اگروال نے بتایا ہے کہ ریاستی پولیس کے ساتھ ساتھ مرکزی مسلح پولیس فورسز کی 225 کمپنیاں بھی تعینات کی جائیں گی تاکہ منصفانہ، خوف سے پاک اور صاف و شفاف انتخابات کو یقینی بنایا جاسکے۔ جناب اگروال انتخابات کے دوران مرکزی مسلح پولیس فورسز کی تعیناتی کے تعلق سے تشکیل دی گئی ریاستی کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں۔ سکیورٹی بندوبست سے متعلق معلومات کی تفصیل فراہم کرتے ہوئے، اعلیٰ انتخابی افسر نے بتایا کہ 225 کمپنیوں میں سے 70 کمپنیاں 25 اگست تک ریاست پہنچ گئی تھیں۔ باقی 125 کمپنیاں 24 ستمبر تک ریاست پہنچ جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پانچ اکتوبر 2024 کو انتخابات کے بعد ریاست میں 30 کمپنیاں ووٹوں کی گنتی تک تعینات رہیں گی۔x

## Prez PM - Milad

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا یومِ ولادت، عید میلاد النبی آج ملک کے مختلف حصوں میں پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے، اِس موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔

اِس موقع پر میلاد کی محفلوں اور سیرت پاک کے جلسوں کا اہتمام کیا گیا ہے، جن میں حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات اور اُن کی زندگی کے واقعات کو اُجاگر کیا جارہا ہے۔ x

## Naval Cmmander Conference

بحری کمانڈروں کی کانفرنس کی دوسری میٹنگ کل نئی دلّی میں شروع ہوگی۔ یہ کانفرنس اعلیٰ سطحی دوسالہ تقریب ہے جو بحری کمانڈروں کے مابین اہم اور جامع، کارروائی جاتی اور انتظامی معاملات سے متعلق تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرتی ہے۔ وزارت دفاع نے کہا کہ چار روزہ کانفرنس کا آغاز بحری عملے کے سربراہ کے افتتاحی خطاب سے ہوگا۔ کانفرنس کے دوران، توقع ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ جمعرات کو قومی تحفظ اور قومی توقعات سے تعلق رکھنے والے

معاملات پر بحری کمانڈروں سے خطاب کریں گے۔ بھارتی فوج اور بھارتی فضائیہ کے سربراہوں کے ساتھ، دفاعی عملے کے سربراہ، تینوں فوجوں کے مابین تعاون کو فروغ دینے کیلئے بحری کمانڈروں کے ساتھ مصروف رہیں گے۔
کانفرنس کے دوران، کمانڈرز، 2047 تک مکمل آتم نربھرتا کے نظریے کے مطابق، میک اِن انڈیا کے ذریعے اندرونِ ملک تیاری میں اضافہ کرنے کے جاری بحری پروجیکٹوں کا جائزہ بھی لیں گے۔x

## Goyal Bhaskar

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج نئی دلّی میں Bharat Startup Knowledge Access Registry-BHASKAR کا آغاز کیا۔ BHASKAR بات چیت کا ایک آن لائن پلیٹ فارم ہے، جو اسٹارٹ اَپس سرمایہ کاروں، مشیروں، خدمات فراہم کرنے والوں اور ضابطوں سے متعلق اداروں سمیت کاروباری ماحولیاتی نظام کو مرکزیت فراہم کرے گا، اصل دھارے میں لائے گا اور اہم متعلقہ فریقوں کے مابین تعاون میں اضافہ کرے گا۔
اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب گوئل نے تمام کاروباری افراد اور دیگر متعلقہ فریقوں سے اسٹارٹ اَپس ماحولیاتی نظام میں بھارت کو ایک عالمی مرکز بنانے کی بات کہی۔
انہوں نے کہا کہ BHASKAR باہمی طور پر منسلک ہونے، تعاون فراہم کرنے اور ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنے میں اسٹارٹ اَپس کی مدد کرے گا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ یہ پلیٹ فارم امید ، خواہشات اور کامیابی سے ہمکنار کرے گا تاکہ اِس شعبہ میں حوصلہ افزا انقلاب کی شروعات کی جاسکے۔ صنعت اور داخلی کاروبار کو فروغ دینے کے محکمے DPIIT کے سکریٹری Amardeep سنگھ بھاٹیا نے بھی سبھی پر اِس بات کیلئے زور دیا کہ وہ BHASKAR کو ایک مضبوط پلیٹ فارم بنانے کیلئے اپنے نظریات پیش کریں، جس سے ملک میں اسٹارٹ اَپ تحریک کو جہت حاصل ہوگی۔ x

## INDIA WATER WEEK

آٹھواں اِنڈیا واٹر وِیک 2024 کل سے نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو بھارت منڈپم میں اِس کا افتتاح کریں گی۔ اِس چار روزہ کانفرنس میں تقریباً چار ہزار مندوبین شرکت کریں گے، جن میں چالیس ملکوں کے 200 غیر ملکی مندوبین بھی شامل ہیں۔
نمائش کے دوران 100 سے زیادہ نمائش کار اور اسٹار اَپس اِدارے پانی کے شعبے میں اپنے اپنے نظریات پیش کریں گے۔نئی دلّی میں Curtain Raiser پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جَل شکتی کی وزارت میں سکریٹری Debashree مکھرجی نے کہا کہ پانی کے بہتر بندوبست سے ملک کی اقتصادی ترقی بڑھے گی۔ x

## Govt SSC

حکومت نے، اسٹاف سلیکشن کمیشن SSC کو، امتحان کے مختلف مرحلوں کے دوران، امیدواروں کی شناخت کرنے کیلئے، رضاکارانہ بنیاد پر آدھار کے ذریعے تصدیق کرنے کا اختیار دے دیا ہے۔ گزٹ کے ایک نوٹیفکیشن میں

پرسنل کی وزارت نے SSC سے کہا ہے کہ وہ، Unique Identification of India کے ذریعے وضع کردہ قانون، اصول و ضوابط کی تمام متعلقہ گنجائشوں کی تعمیل کرے۔ یہ اقدام، مقابلہ جاتی امتحانات پاس کرنے کیلئے امیدواروں کے ذریعے اختیار کردہ دھوکہ دہی، غلط عوامل اور غیر قانونی طور طریقے استعمال کرنے کے بہت سے رپورٹ شدہ معاملات کے تناظر میں کیا گیا ہے۔x

## SC RG KAR

سپریم کورٹ میں RG Kar میڈیکل کالج معاملے کی سماعت کل بھی جاری رہے گی۔ عدالت عالیہ نے کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں پچھلے مہینے ایک جونیئر ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے میں از خود سماعت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔تین ججوں کی ایک بینچ، جس کی صدارت بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کریں گے، تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI کی تازہ ترین رپورٹ پر غور کرے گی۔ CBI نے ہفتے کو آبروریزی اور قتل معاملے کے سلسلے میں RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس اسٹیشن کے آفیسر-اِن-چارج ابھجیت منڈل کو گرفتار کیا تھا۔x

## Manipur Lifted Ban on Internet

منی پور میں حکومت نے آج تیسرے پہر سے انٹرنیٹ اور موبائل ڈیٹا خدمات پر پابندی ختم کردی ہے۔ ریاستی سرکار نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ ریاست کے اسکول اور کالج کل سے کھلیں گے۔ ریاست میں انٹرنیٹ اور موبائل ڈیٹا خدمات پر اِس مہینے کی 10 تاریخ سے پابندی عائد کردی گئی تھی۔ یہ پابندی تین وادی اضلاع میں بڑے پیمانے پر طالب علموں کے احتجاجوں کے بعد عائد کی گئی تھی۔ اسکولوں اور کالجوں کو اِس مہینے کی 7 تاریخ سے بند کردیا گیا تھا۔ ریاست کے داخلی محکمے اور ریاستی تعلیمی محکمے کے ذریعے علاحدہ علاحدہ جاری آرڈر میں کہا گیا ہے کہ منی پور میں امن وقانون کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور سرکار نے انٹرنیٹ اور موبائل ڈیٹا خدمات کی معطّلی کو ختم کرنے کا فیصلہ نیز اسکولوں اور کالجوں میں کلاسوں کا سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔x

## IMD - Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اڈیشہ، چھتیس گڑھ، اترپردیش اور مشرقی مدھیہ پردیش میں کل شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، انڈمان و نکوبار جزائر ، اتراکھنڈ اور راجستھان میں بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے کے مطابق مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھ واڑہ، گجرات، انڈمان و نکوبار جزائر اور بھارت کے جنوبی جزیرہ نما کے حصوں میں پورے ہفتے دور دور تک ہلکی بارش ہونے کا بھی قوی امکان ہے۔ x

### Taliban Polio Suspended

اقوام متحدہ نے آج اعلان کیا کہ طالبان نے افغانستان میں پولیو ٹیکہ کاری کی تمام مہمات کو معطل کردیا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے کہا کہ اِس معطّلی کے بارے میں اُنہیں ستمبر میں ہونے والی ٹیکہ کاری کی مہم سے کچھ روز قبل نوٹیفائی کیا گیا، حالانکہ اِس کیلئے کوئی باقاعدہ وجہ فراہم نہیں کی گئی ہے۔ طالبان کی قیادت والی حکومت کے نمائندگان نے اِس صورتحال پر فوری طور سے کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ پچھلے تین سالوں میں اِس ملک میں پولیو کے معاملات کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، اس کے ساتھ ہی اُن صوبوں میں وائرس پھیل رہا ہے جو توسیع شدہ مدت میں اِس بیماری سے پاک رہے تھے۔ افغانستان اور پاکستان، دنیا میں صرف دو ایسے ملک ہیں جہاں لقوے کی بیماری اور امکانی مہلک بیماری کے پھیلاؤ کو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جاسکا ہے۔x

### World Ozone Day

آج Ozone کی پَرت کو محفوظ رکھنے سے متعلق بین الاقوامی دِن منایا جارہا ہے۔ یہ دِن ہر سال 16 ستمبر کو منایا جاتا ہے۔ Ozone کی پرت سورج کی کِرنوں کے نقصاندہ اجزاء سے کرۂ ارض کو ڈھال فراہم کرتی ہے۔ اِس طرح کرۂ ارض پر زندگی کو محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔اِس سال کا موضوع ہے''Montreal Protocol: آب وہوا کے اقدامات میں پیشرفت''۔

### Hockey Asian Championship

ہاکی میں، ایشین چمپئنز ٹرافی 2024 میں، بھارت چین کے Hulunbuir میں جنوبی کوریا کو چار-ایک سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ دوسرے سیمی فائنل میں، ہرمن پریت سنگھ نے دو گول کئے جبکہ اُتّم سنگھ اور جرمن پریت سنگھ نے ایک ایک گول کیا۔ جنوبی کوریا کی ٹیم سے Yang Jihun نے واحد گول کیا۔ مسلسل دوسری مرتبہ طلائی تمغہ حاصل کرنے کیلئے، اب بھارت کا مقابلہ کل تیسرے پہر بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے تین بجے میزبان چین سے ہوگا۔ ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان، شوٹ آؤٹ میں صفر-دو سے چین سے ہار گیا۔ انھوں نے ریگولر ٹائم میں ایک-ایک گول کیا۔ بھارت، ٹورنامنٹ میں کوئی میچ نہ ہارنے والی واحد ٹیم ہے، جس نے چین کو تین-صفر، جاپان کو پانچ-ایک، ملیشیا کو آٹھ-ایک، کوریا کو تین-ایک اور پاکستان کو دو-ایک سے شکست دی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆